PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "معشیت"

## "بجلی"

# 24% پاکستانیوں کے مطابق پاکستان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے زیادہ ڈیم تعمیر کیے جانے چاہئیں:


## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن، گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 04 فروری، 2016

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق 24% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اگر ان کو ایک دن کے لیے وزیر اعظم بنا دیا جائے تو وہ زیادہ ڈیموں کی تعمیر کر کے ملک میں سے بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے مسئلے کو حل کریں گے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ **"فرض کریں کہ اگر آپ کو ایک دن کے لئے وزیر اعظم بنا دیا جائے اور پھر آپ کو لوڈشیڈنگ کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے پوچھا جائے، تو آپ بجلی کے بحران کو حل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے کیا کریں گے؟"**، اس سوال کے جواب میں 24% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ وہ بجلی کے بحران کو حل کرنے کے لیے زیادہ ڈیموں کی تعمیر کریں گے تاکہ بجلی کی پیداوار زیادہ ہو سکے، 23% افراد کے مطابق وہ پاکستان میں بجلی چوری کو کم کریں گے، 15% افراد کا کہنا ہے کہ وہ بجلی کی قیمت کم کریں گے، 12% افراد کا کہنا ہے کہ وہ بجلی کے ضیاع کو کم کریں گے مثلاً شادیوں اور تہواروں پر روشنی پر پابندی عائد کریں گے، اس کے علاوہ 10% افراد کا کہنا ہے کہ وہ بجلی کی پیداوار کے نئے طریقوں کا استعمال کریں گے مثلاً ہوا اور شمسی طریقہ کار وغیرہ، اور دیگر 10% افراد کا کہنا ہے کہ وہ واپڈا کو چلانے کی ذمہ داری پاکستانی فوج کے حوالے کر دیں گے، 5% افراد کا کہنا ہے کہ وہ واپڈا کی نجکاری کریں گے، تاہم 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"فرض کریں کہ اگر آپ کو ایک دن کے لئے وزیر اعظم بنا دیا جائے اور پھر آپ کو لوڈشیڈنگ کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے پوچھا جائے، تو آپ بجلی کے بحران کو حل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے کیا کریں گے؟




*Source: GRF Poll*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1883 مرد و خواتین سے 04 جنوری 2016 تا 11 جنوری 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday February 04, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years of Gallup Pakistan
(1980-2016)